روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعرات، 28 دسمبر 2023ء

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا
اسلام آباد

## صدر مملکت کے ایچ ای سی کو ڈگری کی تصدیق کے احکامات برقرار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کی طرف سے ایچ ای سی کو ڈگری کی تصدیق کے احکامات کو برقرار رکھتے ہوئے طالبہ کی ڈگری کی تصدیق سے انکار پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے ہدایت دی کہ 7 دن کے اندر طالب علم کا وقت ضائع کرنے کے ذمہ داروں کیخلاف انکوائری شروع کی جائے۔ شکایت کنندہ سویرا آفریدی نے اپنی بی اے اور ڈی ایم سی ڈگری کی تصدیق کیلئے ایچ ای سی کو درخواست دی تھی، مسئلہ حل نہ ہونے پر وفاق محتسب سے رابطہ کیا جنہوں نے سویرا آفریدی کے حق میں احکامات جاری کئے۔ بعدازاں ایچ ای سی کی نظرثانی درخواست صدر مملکت نے ذاتی سماعت کی اور اسے مسترد کردی۔

روزنامہ جنگ راولپنڈی
28th دسمبر 2023ء

# ڈگری کی تصدیق میں تاخیر، صدر نے انکوائری کا حکم دیدیا

## وفاقی محتسب کا فیصلہ برقرار، طالبہ کا قیمتی وقت ضائع کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کی جائے

## ایچ ای سی ہدایات پر عمل نہ کرنیوالی جامعات کی سرزنش کرے، عارف علوی کی ہدایت

اسلام آباد (نامہ نگار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ایچ ای سی کی جانب سے طالبہ کی ڈگری کی تصدیق میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ طالبہ کا قیمتی وقت ضائع کرنے والے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف انکوائری کی جائے۔ ایچ ای سی ہدایات پر عمل نہ کرنے والی (باقی صفحہ 4 نمبر 28)

بقیہ نمبر 28 انکوائری حکم

جامعات کی سرزنش کرے۔ صدر مملکت نے ایچ ای سی کی جانب سے طالبہ کی بی اے کی ڈگری کی تصدیق کرنے کے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف دائر درخواست مسترد کردی۔ وفاقی محتسب کے ایچ ای سی کو طالبہ کی ڈگری سات یوم میں تصدیق کرنے کے احکامات برقرار رکھے، ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق سویرا آفریدی نے بی اے اور ڈی ایم سی کی ڈگری کی تصدیق کے لئے ایچ ای سی کو درخواست دی تھی لیکن انہیں بتایا گیا کہ ان کی ڈگری کا سیشن 2020 ہے، اس لئے اس کی تصدیق نہیں کی جاسکتی تھی کیونکہ ایچ ای سی نے دو سالہ روایتی طریقہ کار مرحلہ وار ختم کر دیا تھا۔ صدر نے اس پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہ کہ ایچ ای سی نے یونیورسٹی کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے شکایت کنندہ کو بغیر کسی غلطی کے غیر ضروری آزمائش میں ڈال دیا اور وہ اس کی ڈگری کی تصدیق نہیں کی۔ لہذا صدر نے ایچ ای سی کی نمائندگی کو اس مشاہدے کے ساتھ مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایچ ای سی کو ایسی یونیورسٹیوں کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے۔

روزنامہ "92" نیوز راولپنڈی
28th December 2023

# طالبہ کی ڈگری کی تصدیق نہ کرنے پر صدر ایچ ای سی پر برہم

## ایچ ای سی یا یونیورسٹی کی عدم فعالیت سے طلبہ کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے

## طالبہ کا وقت ضائع کرنے کے ذمہ داروں کیخلاف انکوائری کی جائے: علوی

اسلام آباد(سپیشل رپورٹر)صدر مملکت عارف علوی نے وفاقی محتسب کی طرف سے ایچ ای سی کو ڈگری کی تصدیق کے احکامات کو برقرار رکھتے ہوئے طالبہ کی ڈگری کی تصدیق (باقی صفحہ 6 نمبر60)

**بقیہ | صدر، برہم | 60**

سے انکار پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔صدر نے ہدایت دی کہ 7 دن کے اندر طالبہ کا وقت ضائع کرنے کے ذمہ داروں کے خلاف انکوائری شروع کی جائے۔سویرا آفریدی (شکایت کنندہ) نے اپنی بی اے اور ڈی ایم سی کی ڈگری کی تصدیق کیلئے ایچ ای سی کو درخواست دی تھی لیکن انہیں بتایا گیا کہ چونکہ ان کی ڈگری کا سیشن 2020 تھا، اس لئے اس کی تصدیق نہیں کی جاسکتی تھی کیونکہ ایچ ای سی نے دو سالہ روایتی طریقہ کار کو مرحلہ وار ختم کر دیا تھا۔ تعلیمی سال 2019 کے بعد طلبہ کو روایتی بی اے اور بی ایس میں داخلہ دینے کی اجازت نہیں تھی، جس پر شکایت کنندہ نے وفاق محتسب سے رابطہ کیا جنہوں نے اس کے حق میں احکامات جاری کر دیئے۔ اس کے بعد ایچ ای سی نے وفاقی محتسب میں نظر ثانی کی درخواست دائر کی جسے مسترد کر دیا گیا۔ بعد ازاں ایچ ای سی نے صدر مملکت کے پاس محتسب کے احکامات کے خلاف درخواست دائر کی۔ صدر مملکت نے کیس کی ذاتی سماعت کی اور ایچ ای سی کی نمائندگی کو مسترد کر دیا۔انہوں نے مشاہدہ کیا کہ شکایت کنندہ کو پشاور یونیورسٹی نے سیشن 2019-2020 کیلئے داخلہ دیا تھا اور شکایت کنندہ نے 01.09.2022 کو یونیورسٹی کا ایک خط پیش کیا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ شکایت کنندہ کا بی اے کی ڈگری کیلئے سیشن 2019-2020 تھا۔ چونکہ شکایت کنندہ کو یونیورسٹی کی جانب سے سیشن 2019-2020 کے لئے داخلہ دیا گیا تھا، اس لئے شکایت کنندہ کا کوئی قصور نہیں تھا اور اسے یونیورسٹی کی غلطی کا نقصان نہیں اٹھانا چاہیے۔ یونیورسٹی نے اس طالبہ کو رجسٹریشن کی اجازت دے کر ایچ ای سی کی پالیسی کی خلاف ورزی کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وفاق محتسب نے بجا طور پر مشاہدہ کیا ہے کہ ایک ریگولیٹر کے طور پر یہ ایچ ای سی کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ آیا اس کے فیصلوں پر یونیورسٹیاں عملدرآمد کر رہی ہیں یا نہیں جو ایچ ای سی کی طرف سے اپنی قانونی ذمہ داریوں کو ادا کرنے میں ناکامی کے مترادف ہے۔ صدر نے کہا کہ ایچ ای سی یا یونیورسٹی کی عدم فعالیت سے طلبہ کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ ایچ ای سی نے یونیورسٹی کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کے بجائے شکایت کنندہ کو بغیر کسی غلطی کے غیر ضروری آزمائش میں ڈال دیا۔صدر نے 7 دن کے اندر طالبہ کی بی اے کی ڈگری تصدیق کرنے کی ہدایت کی۔

https://asas.pk/ Email: asasrwp@gmail.com

پاکستان کی نظریاتی سیاسی، علمی، ادبی اور عوامی امنگوں کا عکاس

ABC CERTIFIED

Daily Asas

روزنامہ اساس راولپنڈی

ایڈیٹر انچیف شیخ افتخار عادل

راولپنڈی، اسلام آباد، لاہور، فیصل آباد، کراچی، مظفرآباد، گلگت سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

THURSDAY 28 DECEMBER 2023

جلد 29 شمارہ 313 | جمعرات 14 جمادی الثانی 1446ھ 28 دسمبر 2023ء 15 پوہ | صفحات 08 | قیمت 20 روپے

# ڈگری کی تصدیق میں تاخیر، صدر علوی کا اظہار برہمی کارروائی کی ہدایت

## 7 دن کے اندر طالب علم کا وقت ضائع کرنے کے ذمہ داروں کے خلاف انکوائری شروع کی جائے، صدر مملکت کا حکم

## سویرا آفریدی (شکایت کنندہ) نے بی اے اور ڈی ایم سی کی ڈگری کی تصدیق کے لیے ایچ ای سی کو درخواست دی تھی

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) صدر ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کی طرف سے ایچ ای سی کو ڈگری کی تصدیق کے احکامات کو برقرار رکھتے ہوئے طالبہ کی ڈگری کی تصدیق سے انکار پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے جبکہ صدر مملکت نے ہدایت دی کہ 7 دن کے اندر طالب علم کا وقت ضائع کرنے کے ذمہ داروں کے خلاف انکوائری شروع کی جائے۔ سویرا آفریدی (شکایت کنندہ) نے بی اے اور ڈی ایم سی کی ڈگری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 90)

بقیہ 90 — صدر برہم

کی تصدیق کے لیے ایچ ای سی کو درخواست دی تھی لیکن انہیں بتایا گیا کہ چونکہ ان کی ڈگری کا سیشن 2020 تھا اس لیے اس کی تصدیق نہیں کی جاسکتی تھی کیونکہ ایچ ای سی نے دو سالہ روایتی طریقہ کار کو مرحلہ وار ختم کر دیا تھا۔ جس سال 2019 کے بعد طلبا کو روایتی بی اے اور بی ایس سی میں داخلہ دینے کی اجازت نہیں تھی۔ جس پر شکایت کنندہ نے وفاقی محتسب سے رابطہ کیا انہوں نے اس کے حق میں احکامات جاری کر دیے۔

THURSDAY, DECEMBER 28, 2023
786
92
The Daily 92 News
روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد

# وفاقی محتسب کا اردو میں معلومات کی نئی ویب سائٹ کا اجراء

## اب کم پڑھے افراد کو شکایات درج کرانے اور معلومات کے حصول میں آسان ہوگی

### ویب سائٹ کی تجدید نو کا مقصد عوام کو محتسب کے کام بارے آگہی دینا ہے: اعجاز قریشی



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز قریشی نئی ویب سائٹ کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (اے پی پی) جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کی نئی ویب سائٹ کا اجراء کر دیا گیا ہے جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ میں وفاقی محتسب کے دائرہ (باقی صفحہ 6 نمبر 62)

بقیہ وفاقی محتسب 62

کار، اختیارات، شکایات داخل کرنے کا طریقہ اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر سمیت تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کر دی گئی ہیں۔ اس تجدید نو کے بعد اب کوئی بھی شخص اپنی مرضی کی معلومات تک باآسانی اور تیزی کے ساتھ رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے افتتاحی تقریب سے خطاب میں کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی ویب سائٹ عام لوگوں اور شکایت کنندگان کو نہ صرف بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے بلکہ ڈاک خرچ یا سفر کی صعوبت کے بغیر انہیں آن لائن شکایت کے اندراج کی سہولت بھی فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے کم پڑھے لکھے افراد اردو میں دی گئی معلومات سے براہ راست استفادہ کر سکیں گے اور انہیں وفاقی محتسب سے رابطہ کرنے، شکایات درج کرانے اور ان شکایات پر ہونے والی کارروائیوں سے آگاہ رہنے میں بھرپور سہولت ملے گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ ادارے کی ویب سائٹ کی تجدید نو اور اس میں اردو معلومات کا اضافہ کرنے سے ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور بالخصوص غیر ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو اس ادارے کے دائرہ کار، ذمہ داریوں، حدود کار اور کاموں کے بارے میں آگہی فراہم کی جا سکے اور انہیں علم ہو سکے کہ وفاقی محتسب ان کے کون کون سے مسائل باآسانی حل کر سکتا ہے اور وہ اس ادارے سے کس طرح استفادہ کر سکتے ہیں۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

THURSDAY, DECEMBER 28, 2023

جلد نمبر 29 | جمعرات 14 جمادی الثانی 1445ھ 28 دسمبر 2023ء 15 پوہ 2080ب | شمارہ 295

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 30 روپے

# تبدیلیوں کیساتھ ادارہ وفاقی محتسب کی نئی ویب سائٹ کا اجرا

## اردو میں معلومات کے اضافہ سے عوام کو سہولت ملے گی، وفاقی محتسب

اسلام آباد (نامہ نگار) جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجرا کر دیا گیا ہے جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کردی گئی ہیں۔ گزشتہ روز وفاقی محتسب کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اس ویب سائٹ کا افتتاح کیا گیا۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کی ویب سائٹ کی تجدید نو اور اس میں اردو معلومات کا اضافہ کرنے سے ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور بالخصوص غیر ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو اس ادارے کے دائرہ کار، ذمہ داریوں، حدود کار اور کاموں کے بارے میں آگاہی فراہم کی جاسکے۔ اس سے عوام کو سہولت ملے گی۔

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن
ABC CERTIFIED

THURSDAY, DECEMBER 28, 2023 Registered ID 174

اسلام آباد،پشاور،لاہور،ملتان،رحیم یار خان،مظفر آباد،کراچی،فرینکفرٹ،لندن اور گلگت بلتستان سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 26 | جمعرات، 14 جمادی الثانی 1445ھ، 28 دسمبر 2023ء، 14 پوہ 2080ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 09


# وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجراء

لاہور (نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز قریشی نے کہا ہے کہ جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجراء کر دیا گیا ہے جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 68)

اوصاف | ویب سائٹ | 68

پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار، اختیارات، شکایات داخل کرنے کا طریقہ اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر سمیت تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کر دی گئی ہیں۔ اس تجدید نو کے بعد اب کوئی بھی شخص اپنی مرضی کی معلومات تک بہ آسانی اور تیزی کے ساتھ رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات

اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

Thursday 28 December 2023

| شمارہ | قیمت 30 روپے | صفحات 10 | جمعرات 14 جمادی الثانی 1445ھ 28 دسمبر 2023ء 15 پوہ 2080 ب | جلد |
|---|---|---|---|---|
| 316 | | | www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com | 12 |

# نئی تبدیلیوں کیساتھ وفاقی محتسب کی سرکاری ویب سائٹ کا اجراء

## عوام کی سہولت کیلئے اہم مندرجات کا اردو میں ترجمہ بھی شامل: اعجاز قریشی



اسلام آباد (نئی بات نیوز) جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجراء کر دیا گیا ہے جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار، اختیارات، شکایات داخل کرنے کا طریقہ اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر سمیت تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کر دی گئی ہیں۔ اس تجدید کے بعد اب کوئی بھی شخص اپنی مرضی کی معلومات تک بہ آسانی اور تیزی کے ساتھ رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ وفاقی محتسب نے گزشتہ روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں اس ویب سائٹ کا افتتاح کیا۔

ABC CERTIFIED | لاہور،اسلام آباد،گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت قومی اخبار | Member APNS CPNE
Daily Sarzameen Lahore
روزنامہ سرزمین لاہور
چیف ایڈیٹر صفدر علی خاں
ایڈیٹر رانا فہد صفدر خاں
جمعرات 14 جمادی الثانی 1445ھ 28 دسمبر 2023ء 15 پوہ 2080ب

# نئی اور مفید تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کی سرکاری ویب سائٹ کا اجراء

## عوام الناس کی سہولت کے لئے اہم مندرجات کا اردو میں ترجمہ بھی شامل کردیا گیا ہے، اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(بیورورپورٹ) جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجراء کردیا گیا ہے جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار، اختیارات، شکایات داخل کرنے کا طریقہ اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر سمیت تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کردی گئی ہیں۔ اس تجدید نو کے بعد اب کوئی بھی شخص اپنی مرضی کی معلومات تک بہ آسانی اور تیزی کے ساتھ رسائی حاصل کرسکتا ہے۔ وفاقی محتسب نے گزشتہ روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں اس ویب سائٹ کا افتتاح کیا جس میں وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے اعلیٰ افسران کے علاوہ علاقائی دفاتر کے عہدیداروں نے آن لائن شرکت کی۔ اس موقع پر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ(NITB) کے نمائندے بھی موجود تھے جنہوں نے اس ویب سائٹ کو بہتر اور مزید فعال بنانے میں مدد کی تھی۔ وفاقی محتسب نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی ویب سائٹ عام لوگوں اور شکایت کنندگان کو نہ صرف بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے بلکہ ڈاک خرچ یا سفر کی صعوبت کے بغیر انہیں آن لائن شکایت کے اندراج کی سہولت بھی فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے کم پڑھے لکھے افراد اردو میں دی گئی معلومات سے براہ راست استفادہ کرسکیں گے اور انہیں وفاقی محتسب سے رابطہ کرنے، شکایات درج کرانے اور ان شکایات پر ہونے والی کارروائیوں سے آگاہ رہنے میں بھرپور سہولت ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور آلات کی مدد سے اب اس ویب سائٹ کو نئے انداز سے پیش کرنے کے بعد اس کی رفتار کار میں بھی اضافہ ہوگیا ہے اور اس کے استعمال کا طریقہ بھی آسان ہوگیا ہے نیز اس میں انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو عبارت کی موجودگی سے وہ لوگ بھی فائدہ اٹھاسکیں گے جنہیں قبل ازیں انگریزی عبارت کے باعث مشکلات درپیش تھیں۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کا ازالہ کرنے کے طریق کار، دفتری پروسیجر اور مختلف اہم اقدامات مثلاً آئی آر ڈی (ثالثی، مصالحتی کردار کے ذریعے باہمی رضامندی سے مسائل کا غیر رسمی حل) OCR" (انصاف آپ کی دہلیز پر" کے عنوان سے ضلعوں اور تحصیل کی سطح پر جاکر شکایات کا ازالہ)، کھلی کچہریوں اور اس نوعیت کے دیگر پروگراموں کے علاوہ وفاقی محتسب کے "شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز" اور "شکایات کمشنر برائے اطفال" کے دفاتر کی ذمہ داریوں اور یہاں ہونے والے کاموں کی تفصیلات بھی اردو میں دے دی گئی ہیں۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ ادارے کی ویب سائٹ کی تجدید نو اور اس میں اردو معلومات کا اضافہ کرنے سے ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور بالخصوص غیر ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو اس ادارے کے دائرہ کار، ذمہ داریوں، حدود کار اور کاموں کے بارے میں آگاہی فراہم کی جاسکے اور انہیں علم ہوسکے کہ وفاقی محتسب ان کے کون کون سے مسائل بہ آسانی حل کرسکتا ہے اور وہ اس ادارے سے کس طرح استفادہ کرسکتے ہیں۔



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اردو ویب سائٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY FRONTLINE KARACHI
روزنامہ فرنٹ لائن کراچی
چیف ایڈیٹر محمد عبدالسلام خان
ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com
جلد نمبر 18 | جمعرات 28 دسمبر 2023ء، 14 جمادی الثانی 1445ء | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 20

نئی اور مفید تبدیلیوں کیساتھ

# وفاقی محتسب کی سرکاری ویب سائٹ کا اجراء

## عوام الناس کی سہولت کے لئے اہم مندرجات کا اردو میں ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے، اعجاز احمد قریشی

## ویب سائٹ ڈاک خرچ یا سفر کی صعوبت کے بغیر انہیں آن لائن شکایت کے اندراج کی سہولت بھی فراہم کر رہی ہے، وفاقی محتسب



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی بٹن دبا کر اردو ویب سائٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجراء کر دیا گیا ہے جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار، اختیارات، شکایات داخل کرنے کا طریقہ اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر سمیت تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کر دی گئی ہیں۔ اس تجدید نو کے بعد اب کوئی بھی شخص اپنی مرضی کی معلومات تک بہ آسانی اور تیزی کے ساتھ رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ وفاقی محتسب نے گزشتہ روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں اس ویب سائٹ کا افتتاح کیا جس میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے اعلی افسران کے علاوہ علاقائی دفاتر کے عہدیداروں نے آن لائن شرکت کی۔ اس موقع پر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (NITB) کے نمائندے بھی موجود تھے جنہوں نے اس ویب سائٹ کو بہتر اور مزید فعال بنانے میں مدد کی تھی۔ وفاقی محتسب نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی ویب سائٹ عام لوگوں اور شکایت کنندگان کو نہ صرف بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے بلکہ ڈاک خرچ یا سفر کی صعوبت کے بغیر انہیں آن لائن شکایت کے اندراج کی سہولت بھی فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے کم پڑھے لکھے افراد اردو میں دی گئی معلومات سے براہ راست استفادہ کر سکیں گے اور انہیں وفاقی محتسب سے رابطہ کرنے، شکایات درج کرانے اور ان شکایات پر ہونے والی کارروائیوں سے آگاہ رہنے میں بھرپور سہولت ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور آلات کی مدد سے اب اس ویب سائٹ کو نئے انداز سے پیش کرنے کے بعد اس کی رفتار کار میں بھی اضافہ ہو گیا ہے اور اس کے استعمال کا طریقہ بھی آسان ہو گیا ہے نیز اس میں انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو عبارت کی موجودگی سے وہ لوگ بھی فائدہ اٹھا سکیں گے جنہیں قبل ازیں انگریزی عبارت کے باعث مشکلات درپیش تھیں۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کا ازالہ کرنے کے طریق کار، دفتری پروسیجر اور مختلف اہم اقدامات مثلاً آئی آر ڈی (ثالثی، مصالحتی کردار کے ذریعے باہمی رضامندی سے مسائل کا غیر رسمی حل)، OCR انصاف آپ کی دہلیز پر کے عنوان سے ضلعوں اور تحصیل کی سطح پر جا کر شکایات کا ازالہ)، کھلی کچہریوں اور اس نوعیت کے دیگر پروگراموں کے علاوہ وفاقی محتسب کے شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز اور شکایات کمشنر برائے اطفال کے دفاتر کی ذمہ داریوں اور یہاں ہونے والے کاموں کی تفصیلات بھی اردو میں دے دی گئی ہیں۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ ادارے کی ویب سائٹ کی تجدید نو اور اس میں اردو معلومات کا اضافہ کرنے سے ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور بالخصوص غیر ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو اس ادارے کے دائرہ کار، ذمہ داریوں، حدود کار اور کاموں کے بارے میں آگاہی فراہم کی جا سکے اور انہیں علم ہو سکے کہ وفاقی محتسب ان کے کون کون سے مسائل بہ آسانی حل کر سکتا ہے اور وہ اس ادارے سے کس طرح استفادہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆